PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

راولپنڈی ٹیسٹ:نسیم شاہ کی ہیٹ ٹرک نےبنگلہ دیش کو ایک اننگز سے شکست کے دہانے پر پہنچادیا

- 16سالہ فاسٹ باؤلر دنیائے کرکٹ میں ٹیسٹ ہیٹ ٹرک کرنے والے کم عمرترین باؤلربن گئے
- پاکستان کومیچ میں ایک اننگز سے جیت کے لیے 4 وکٹیں درکار

راولپنڈی،9 فروری2020ء:

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان جاری 2 ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کے پہلے میچ کےتیسرے روز کھیل کے اختتام پر بنگلہ دیش کو دوسری اننگز میں 86 رنز کے خسارے کا سامنا ہے۔ مہمان ٹیم کے 6 کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ چکے ہیں۔ پہلی اننگز میں 212 رنز کی برتری حاصل کرنے والی پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے دوسری اننگز میں تباہ کن باؤلنگ کرتے ہوئے بنگلہ دیش کو شدید مشکلات سے دوچار کردیا ہے۔

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری ٹیسٹ میچ کےتیسرے روزآخری سیشن میں فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے نجم الحسن شانتو، تیج السلام اور محمود اللہ کو آؤٹ کرکےہیٹ ٹرک کا اعزاز حاصل کیا۔16 سال اور359 دن کی عمر میں یہ کارنامہ انجام دینے والے فاسٹ باؤلر نسیم شاہ ٹیسٹ کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے کم عمر ترین باؤلر بن گئے ہیں۔

پاکستان کی جانب سے بابراعظم اور اسد شفیق نے میچ کے تیسرے روز 3وکٹوں کے نقصان پر 342رنز سےاپنی پہلی اننگز کے کھیل کا دوبارہ آغاز کیا تو بابراعظم 143 اور اسد شفیق 67 رنز بناکر آوٹ ہوگئے۔اتوار کے روز حارث سہیل کے علاوہ پاکستان کا کوئی بلے باز زیادہ دیر وکٹ پر نہ ٹھہر سکا۔ مڈل آرڈر بلے باز حارث سہیل نے 103 گیندوں پر 7 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 75 رنز کی اننگز کھیلی۔پاکستان کی پوری ٹیم پہلی اننگز

میں122.5اوورز میں 445 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔بنگلہ دیش کے ابو جائید اور روبیل حسین نے 3،3 وکٹیں حاصل کیں۔

212 رنز کے خسارے سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی مہمان ٹیم کی ابتدائی 2 وکٹیں 53 کے مجموعی اسکور پر گریں تو کپتان مومن الحق اور نجم الحسن شانتو نے پاکستان کے خلاف مزاحمت کاسلسلہ شروع کیاتاہم دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 71 رنز کی شراکت اس وقت ٹوٹی جب فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے دن کے آخری سیشن میں شاندار اسپیل پھینکا۔ نوجوان فاسٹ باؤلر نےمسلسل 3 گیندوں پر نجم الحسن شانتو کو 38 جبکہ تیج السلام اور محمود اللہ کو صفر، صفر کے انفرادی اسکور پر آؤٹ کرکے ہیٹ ٹرک مکمل کی۔

میچ کے تیسرے روز بنگلہ دیش کے آؤٹ ہونے والے چھٹے بیٹسمین محمد مٹھن تھے جنہیں اسپنر یاسر شاہ نے آؤٹ کیا۔دن کے اختتام پر بنگلہ دیش نے 45 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 126 رنز بنالیے ہیں۔ مہمان ٹیم کو تاحال 86 رنز کے خسارے کا سامنا ہے۔

اس سے قبل بنگلہ دیش کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں233 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

پاکستان اسکواڈ:

اظہر علی، سنٹرل پنجاب (کپتان)، عابد علی (سندھ)، اسد شفیق (سندھ)، بابراعظم (سنٹرل پنجاب)، بلال آصف (سنٹرل پنجاب)، فہیم اشرف (سنٹرل پنجاب)، فواد عالم (سندھ)، حارث سہیل (بلوچستان)، امام الحق (بلوچستان)، عمران خان سینئر (خیبرپختونخوا)، محمد عباس (سدرن پنجاب)، محمد رضوان (خیبرپختونخوا)، نسیم شاہ (سنٹرل پنجاب)، شاہین شاہ آفریدی (ناردرن)، شان مسعود (سدرن پنجاب) اور یاسر شاہ (بلوچستان)۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk